
# مدنی مذاکرے کے

## تنظیمی و دیگر مدنی پھول



(شوال المکرم ۱۴۳۵ھ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## دُرود شریف کی فضیلت

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطارؔ قادری رضوی ضیائی دَامَت بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِیَه کے رسالے ''میٹھی کے 50 مدنی پھول'' میں فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: حضرتِ سیِّدُنا اُبَی بِن کَعب رضی اللہ تعالٰی عنہ نے عَرض کی کہ میں (سارے وِرد، وظیفے چھوڑ دوں گا اور) اپنا سارا وَقت دُرُود خوانی میں صَرف کروں گا۔ تو سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: یہ تمہاری فکریں دُور کرنے کے لئے کافی ہوگا اور تمہارے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ (ترمذی ج ٤، ص ٢٠٧، حدیث: ٢٤٦٥ دار الفکر بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٦ شوال المکرم ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 اگست 2014ء |

﴿1﴾ نعتیہ اشعار وہی لکھے جو فنِ شعری جانتا ہو، عالم ہو اور جس کی قرآن وحدیث پر گہری نظر ہو ﴿2﴾ شرعی مسئلہ اپنی اٹکل سے بتانا حرام ہے ﴿3﴾ مسلمان ہر معاملہ شریعت کے عین مطابق ہی کرنے کا پابند ہے ﴿4﴾ 9 اگست بروز ہفتہ سید اسلامی بھائیوں کا مدنی مذاکرہ ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ﴿5﴾ جھوٹ کے خلاف نعروں کی بھی ترکیب کی جائے ﴿6﴾ میں بے تحاشا کھانے سے بچتا ہوں ﴿7﴾ الحمد للہ عزوجل 12 روزہ مدنی کورس میں تقریباً 250 اسلامی بھائی شریک ہیں اور پاکستان کے ساتھ ساتھ بنگلہ دیش، یوکے، نیپال، عرب امارات وغیرہ کے اسلامی بھائی بھی ہیں۔ (رکنِ شوریٰ محمد فضیل رضا عطاری) ﴿8﴾ آدھی و پونی روٹی کھانے کی تحریک میں شامل ہونے والے اسلامی بھائی اس نمبر (0313-1139267) پر اپنا اور اپنے شہر کا نام اس نمبر پر SMS کریں۔ (رکنِ شوریٰ محمد فضیل رضا عطاری) ﴿9﴾ نفلی روزوں کی تحریک میں شامل ہونے والے اسلامی بھائی اس نمبر (03125921226) پر اپنا اور اپنے شہر کا نام SMS کریں۔ (رکنِ شوریٰ محمد فضیل رضا عطاری) ﴿10﴾ چاردیواری میں رہ کر آدھی، پونی، پوری روٹی کھانا اور قفلِ مدینہ وغیرہ لگانا کمال نہیں بلکہ معاشرے میں رہ کر یہ سب کرنا کمال ہے ﴿11﴾ شیطان کے وار سے بچنے کے لئے اس کے وار سمجھنا پڑیں گے ﴿12﴾ مُنْجِیات و مُہلِکات

www.dawateislami.net

(منجیات یعنی نجات دِلانے والے اعمال، مہلکات یعنی ہلاکت میں ڈالنے والے اعمال) کا علم سیکھیں گے تو شیطان کا بھرپور مقابلہ ہو سکے گا ﴿13﴾ جب تک علمِ دین نہیں ہو گا شیطان سے نہیں لڑ پائیں گے ﴿14﴾ ''باطنی بیماریوں کی معلومات'' کتاب انمول کتاب ہے اسے پڑھنے سے مہلکات کا علم حاصل ہوتا ہے ﴿15﴾ تفسیر ''صراط الجنان'' سے کوئی گھر خالی نہیں ہونا چاہئے، یہ ہر دعوتِ اسلامی والے کے گھر میں ہو اسے گھر اور مدنی حلقے میں پڑھنے کی ترکیب کریں ﴿16﴾ ''احیاء العلوم'' انسان بنانے والا اخزانہ ہے، اسے لے کر رکھ لینے کے بجائے پڑھیں ﴿17﴾ محض سُستی کی وجہ سے 63 روزہ ''مدنی تربیتی کورس'' اور 41 روزہ ''مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس'' نہیں چھوڑنا چاہئے۔

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۹ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 5 اگست 2014ء |

### (مجلس مدرسة المدینه آن لائن)

﴿1﴾ اتنا لمبا بنیان ہو کہ آگے پیچھے کا حصہ ڈھکا ہوا ہے، حیاء بہت اچھی چیز ہے ﴿2﴾ عمامہ شریف گھر میں اور دکان پر بھی سر پر ہونا چاہئے ﴿3﴾ گناہوں بھرے چینل دیکھنے سے نیک بننا مشکل ہے ﴿4﴾ گناہ کرنے والا، نیک انسان نہیں ہوتا، مدنی چینل دیکھتے رہیں گے تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ نیک بن جائیں گے ﴿5﴾ مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ بھی نیک بننے کا ذریعہ ہے ﴿6﴾ انسان کی زندگی ختم ہو جائے گی لیکن دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ پر موجود دینی مضامین، ختم نہیں ہوں گے۔ ﴿7﴾ بدنگاہی اور فضول نگاہی سے بچنے کے لئے درس و بیان کرتے ہوئے نظریں نیچی رکھنے کی مشق کریں۔ یاد رکھیں! قیامت کے روز فضول نظری کا بھی حساب ہے ﴿8﴾ زبان کے ساتھ ساتھ آنکھوں کی حفاظت کی بھی حاجت ہے ﴿9﴾ جہاں تک ممکن ہو آنکھیں نیچی رکھنے کی کوشش کیا کریں تا کہ بدنگاہی سے بچ سکیں۔

**حُجَّةُ الْاِسلام** حضرت سیِّدُنا امام محمد بن محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی نَقْل کرتے ہیں: جو کوئی اپنی آنکھوں کو نظرِ حرام سے پُر کرے گا قِیامت کے روز اُس کی آنکھوں میں آگ بھر دی جائے گی۔ (مُکاشَفَةُ الْقُلُوب ص ۱۰)

**حضرتِ علّامہ اَبُو الْفَرَج عبدُ الرّحمٰن بن جَوزی** علیہ رحمۃ اللہ القوی نَقْل کرتے ہیں: عورت کے مَحاسِن (یعنی حُسن و جمال) کو دیکھنا ابلیس کے زَہر میں بُجھے ہوئے تیروں میں سے ایک تیر ہے، جس نے نامَحرم سے آنکھ کی حفاظت نہ کی اُس کی آنکھ میں بروزِ قِیامت **آگ کی سَلائی** پھیری جائیگی۔ (بحرُ الدُّمُوع ص ۱۷۱)

www.dawateislami.net

﴾10﴿ مدرسین، مبلغ اور باعمل نہیں بنیں گے اور جب تک مدنی تربیت گاہ والوں کا دھوون نہ لے لیں اور مدنی انعامات والوں سے دم نہ کروالیں تب تک ترکیب مشکل ہے ﴾11﴿ مجھے خوش فہمی تھی کہ میں فیضانِ مدینہ کے قریب رہوں گا تو یہ آباد رہے گا ﴾12﴿ دنیا بھر کے ذمہ داروں سے ہاتھ جوڑ کر میری التجا ہے کہ فیضانِ مدینہ کو آباد کریں ﴾13﴿ فیضانِ مدینہ جہاں بھی بنائیں پہلے یہ طے کریں کہ ہم نے اس کو آباد کرنا ہے ﴾14﴿ مسجد کا ثواب مکتب میں نہیں ملے گا ﴾15﴿ میں نے فیضانِ مدینہ میں ساری ساری راتیں گزاری ہیں ﴾16﴿ علمِ دین کی تحصیل اور مدنی قافلے مسجد میں ہوں ﴾17﴿ مسجد میں درجے لگائیں اور مسجدیں آباد کریں ﴾18﴿ اعتکاف کی نیّتیں کرواکر، وہ جائز کام جس کی شریعت نے اجازت دی ہے عینِ مسجد میں کریں ﴾19﴿ مدرسۃ المدینہ بالغان بھی عینِ مسجد میں اعتکاف کی نیّت کرواکر لگائیں ﴾20﴿ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور (صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم) نے فرمایا: ”جو بندہ نماز پڑھ کر اس جگہ جب تک بیٹھا رہتا ہے، فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے رہتے ہیں، اس وقت تک کہ بے وضو ہو جائے یا اٹھ کھڑا ہو۔ ملائکہ کا استغفار اس کے لیے یہ ہے، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہٗ (اے اللہ تو اس کو بخش دے) اَللّٰھُمَّ ارْحَمْہُ (اے اللہ تو اس پر رحم کر) اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْہِ (اے اللہ اس کی توبہ قبول کر) (بہارِ شریعت ج اول ص ۴۳۹، ۴۴۰، مسند أبي داود الطيالسي الحديث: ٢٤١٥، ص ٣١٧) ﴾21﴿ نماز کے بعد جس سے بن پڑے وہ وہیں بیٹھا رہے ﴾22﴿ ہمیں جب بھی کوئی ڈھونڈے تو اس کے ذہن میں یہی ہو کہ یہ فیضانِ مدینہ یا فُلاں مسجد میں مل جائے گا ﴾23﴿ مدنی مذاکرے میں بچوں اور مریضوں کو لانے کی اجازت نہیں ﴾24﴿ جس کو تیرنا نہیں آتا اور وہ اپنے آپ کو پانی کی لہروں کے سپرد کر دے تو یہ جائز نہیں۔

﴾25﴿ **کمپیوٹر وغیرہ استعمال کرنے والوں کے لیے احتیاطیں:** ☆ پنکھے وغیرہ کی ہوا براہِ راست آنکھوں پر نہ پڑنے دیجئے ☆ آنکھوں اور سکرین کا درمیانی فاصلہ 2 سے اڑھائی فٹ رکھئے ☆ اسکرین کو آنکھوں سے 4 یا 5 اِنچ نیچے ہونا چاہیے ☆ اگر نظر کے عینک استعمال کرتے ہیں تو کمپیوٹر پر کام کرتے وقت بھی اسے پہنے رہیے ☆ ہر 20 منٹ بعد اسکرین سے نظریں ہٹا کر 20 فٹ دور رکھی چیز کو 23 سیکنڈ دیکھ لیجئے۔ مثلاً سبز گنبد شریف کا ماڈل رکھ لیا اور ہو بھی مدینے کے رخ پر ☆ اِثمد سرمے کی حدیث (101 مدنی پھول ص 27، 28) سوتے وقت روزانہ اِثمد لگالیا کریں۔

# آنکھوں کا لذیذ چورن

**سونف، مصری** اور **ایرانی بادام** تینوں ہم وزن لیکر اچّھی طرح باریک پیس کر یکجان (MIX) کر

www.dawateislami.net

کے بڑے منہ کی بوتل میں محفوظ کر لیجئے اور بلا ناغہ روزانہ نِہار مُنہ ایک چائے کی چمچ بغیر پانی کے کھا لیجئے (ایک چمچ سے کچھ زیادہ کھانے میں بھی حرج نہیں) طویل عرصہ استعمال کرنے سے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ آنکھوں کی بینائی کو فائدہ ہوگا۔ **تجرِبہ:** ایک مَدَنی مُنّی کی آنکھوں میں پانی آتا تھا، بِالآخر آنکھوں کے ڈاکٹر سے وقت لے لیا تھا، میں نے یہی **لذیذ چورن** پیش کیا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ایک آدھ بار کھانے ہی سے اُس کی بیماری جاتی رہی اور ڈاکٹر کے پاس جانے کی نوبت ہی نہ آئی۔ جن کو تکلیف نہ ہو وہ بھی مستقل اِستعمال کر سکتے ہیں۔

☆ آنکھوں اور کولیسٹرول کے مریضوں کو مچھلی کھانا مفید ہے ☆ گاجر کے موسم میں ایک گاجر روزانہ کھا لیا کریں ☆ گاجر دھو کر چھلکے سمیت کھانا مفید ہے ☆ نماز کے بعد ایک سانس میں 11 بار **یَانُوْرُ** پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں اس سے بھی بِینائی بہتر ہوگی ☆ ضرورتاً نظر ٹیسٹ کروائیں۔

﴿26﴾ 66 **اللہ** کے اسم مبارک کا عدد ہے ﴿27﴾ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے قاری صاحبان کا دورانِ تدریس درسِ فیضانِ سنت دینا مدنی انعام پر عمل شمار ہوگا ﴿28﴾ مدنی قافلے کے فضائل بیان کریں گے تو وہ اسلامی بھائی جو وقت نہیں دیتے، ان کا وقت نکالنے کا ذہن بنے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل ﴿29﴾ مدرسۃ المدینہ آن لائن میں تقریباً 4000 داخلے ابھی ویٹنگ میں ہیں ﴿30﴾ پاکستانی، رات 2 سے دن 11 بجے تک مدرسۃ المدینہ آن لائن میں پڑھ سکتے ہیں ﴿31﴾ جس ملک کے اسلامی بھائی، مدرسۃ المدینہ آن لائن پاکستان میں بنوا دیں تو اُس ملک کے اسلامی بھائیوں کو زیادہ سے زیادہ داخلے ملیں گے۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿32﴾ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے ایک کیبن کا خرچہ تقریباً 72 ہزار روپے اور ایک مدرسۃ المدینہ آن لائن کا تعمیری خرچہ تقریباً 19 لاکھ روپے (پاکستانی) ہے۔ (آخری 4 مدنی پھول باپا کے نہیں، رکن شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری کے ہیں)

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6 اگست 2014ء |

(جامعات المدینہ تربیتی اجتماع، دستار بندی)

﴿1﴾ ایک طرح سے سب سے پہلا جامعہ ''صُفّہ شریف'' ہے۔

www.dawateislami.net

# اَصحابِ صُفّہ کون تھے؟

**مسجدِ نبوی الشریف** میں ایک صُفّہ (چبوترا) تھا، جہاں **500,400 فقراءِ مُہاجرین** بیٹھا کرتے تھے، اس لیے اِنہیں **اَصحابِ صُفّہ** کہتے ہیں ۔ (رسائلِ دعوتِ اسلامی، رسالہ ''وقفِ مدینہ'' ص208 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی)

﴿2﴾ اصحابِ صُفّہ راہِ خدا میں سفر بھی کیا کرتے تھے اور نئے مسلمان ہونے والوں کو علمِ دین بھی سکھاتے تھے۔

﴿3﴾ جب تک اُستاذ میں جذبہ نہیں ہوگا، وہ جذبہ طلبہ میں کیسے سرایت کرے گا؟

﴿4﴾ مسلمان ہر لحاظ سے اسلام کا پابند ہے۔

﴿5﴾ جس نے دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کرتے ہوئے درسِ نظامی کیا، وہ گھر میں مدنی ماحول بنانے میں کامیاب ہو جائے گا۔

﴿6﴾ مفتیِ دعوتِ اسلامی مدنی کام بھی کرتے تھے، تدریس بھی، امامت بھی، مدنی انعامات پر عمل بھی۔

﴿7﴾ مفتیِ دعوتِ اسلامی کا گھر میں اچھا تأثر مدنی کام کرنے سے بنا۔

﴿8﴾ جامعۃ المدینہ کے طلبہ بھی روزانہ 2 درسِ فیضانِ سُنّت جاری کریں۔

﴿9﴾ جامعۃ المدینہ کے طلبہ کے اندر نرمی ہونی چاہئے۔

﴿10﴾ مدنی کام اوڑھ لیں، جس کا کھانا، اُسی کا گانا، عمر بھر دعوتِ اسلامی کے گُن گانے ہیں۔

﴿11﴾ دعوتِ اسلامی کسی فردِ واحد کا نام نہیں بلکہ سُنّتوں بھری تحریک ہے۔

﴿12﴾ مجھے پوری شوریٰ علماء پر مشتمل چاہئے، آپ کو بھی Well Come (خوش آمدید) ہے۔

﴿13﴾ درس دینے، علاقائی دورہ کرنے، صدائے مدینہ لگانے، مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے/پڑھانے کے لیے تنظیمی ذِمہ داری ضروری نہیں۔

﴿14﴾ دعوتِ اسلامی ایمان کے تحفظ اور اعمال کے اصلاح کی تحریک ہے۔

﴿15﴾ قدم بڑھائیں، کامیابی آگے بڑھ کر گلے لگائے گی۔

﴿16﴾ مدرسۃ المدینہ بالغان سے خوب مدنی ماحول بنتا ہے۔

﴿17﴾ ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریروں کو ''مخطوطات'' کہتے ہیں۔

﴿18﴾ فیضانِ سُنّت کی دُوسری جلد کے تیسرے باب کی تیاری ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جھوٹ کے متعلق مثالوں سے

www.dawateislami.net

بھرپور یہ ایک تاریخی تحریر ہوگی۔

﴾19﴿ کتاب ''کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب'' فرض علوم پر مشتمل ہے۔

﴾20﴿ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا جو قدم اُٹھتا تھا وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے ہوتا تھا۔

﴾21﴿ اپنی طرف سے حدیث کی شرح نہ کی جائے۔

﴾22﴿ امتحان میں نا کام ہونے والے طلبہ کو طعنے نہ دیے جائیں، پیار محبت سے سمجھایا جائے۔

﴾23﴿ علمِ فقہ سب علوم سے افضل علم ہے۔

﴾24﴿ 14 اگست کو پاکستان بھر کے ہفتہ وار اجتماعات میں جشنِ آزادی کے شکرانے میں 2 نفل ادا کیے جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 اگست 2014ء |

(جامعات المدینہ تربیتی اجتماع، دستار بندی)

﴾1﴿ کام کو سلام ہے۔

﴾2﴿ کسی بھی کتاب میں میری لکھی ہوئی تقریظ نہیں ملے گی، اگر کہیں سے ملے تو اس کو جعلی سمجھیے گا۔

﴾3﴿ میں نے تقریظ لکھنے میں ہمیشہ احتیاط کی ہے۔

﴾4﴿ الحمدللہ عزوجل! احتیاط کرنے کا ذہن میرا شروع ہی سے ہی تھا۔

﴾5﴿ میرا نام کیش ہو، میں اس سے بچنے کی کوشش کرتا ہوں۔

﴾6﴿ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کی کتاب ''تمہیدِ ایمان'' پر میری تقریظ نہیں بلکہ تصدیق ہے، وہ بھی دعوتِ اسلامی کے مفاد میں تا کہ کچھ لوگوں کی غلط فہمیاں دُور ہوسکیں۔

﴾7﴿ صدرُ الشَّریعہ (حضرتِ علّامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ رَحْمَۃُ اللہِ القَوِی) کو میں ولی اللہ سمجھتا ہوں۔

﴾8﴿ ہم اعلیٰ حضرت کے غلام ہیں، جو رضا بولے، لبیک۔

﴾9﴿ جو اپنے کسی اسلامی بھائی کو اس کے کسی ایسے گناہ پر عار دلائے گا جس سے وہ توبہ کرچکا ہو تو عار دلانے والا اس وقت تک نہیں مریگا جب تک کہ وہ خود اس گناہ کو نہ کرلے۔ (ترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ، ۲۲۶/۴، حدیث: ۲۵۱۳)

﴾10﴿ ہر ایک کی نفسیات الگ الگ ہوتی ہیں، بہارِ شریعت کا مطالعہ کرنے میں سولہویں (16) حصے سے شروع

www.dawateislami.net

کریں، کیونکہ اس میں چھوٹے چھوٹے مضامین ہیں، پھر پندرہواں (15) حصہ پھر حسبِ دلچسپی دیگر حصے۔ اِسی طرح فتاوی رضویہ جلد 24,23,22,21 میں دلچسپ فتاویٰ ہیں، پہلے انہیں پڑھ لیں پھر بقیہ، ہر ایک کا ذوقِ مطالعہ مختلف ہوتا ہے۔ شروع سے بھی مطالعہ کی ابتدا کی جاسکتی ہے۔

### آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ:

﴿11﴾ صرف ''عطاری'' ہی میرے نہیں، بلکہ نقشبندی، سہروردی، چشتی، قادِری سب میرے ہیں، کسی بھی پیر کا مرید ہو یا کسی بھی پیر کا مرید نہ ہو، سب میرے ہیں۔ اِسی طرح شافعی، حنبلی، مالکی، حنفی چاروں سلسلوں والے میرے سر کے تاج ہیں۔

﴿12﴾ دعوتِ اسلامی جتنی ترقی کرے گی، اُتنی ہی جامعات المدینہ بھی ترقی کریں گے، غور کر لیجئے جہاں اس وقت دعوتِ اسلامی نہیں وہاں جامعات بھی نہیں، جہاں دعوتِ اسلامی کمزور ہے، وہاں جامعات بھی کمزور ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 8اگست 2014ء |

﴿1﴾ عوام میں بہت سارے فضول سوال (کہاں رہتے ہو، کاروبار کیا ہے؟) ہوتے ہیں، مجھے اس کی عادت ہی نہیں ہے۔

﴿2﴾ میرا خاندان (بہنیں، بیٹے، بیٹی اور ان کی اولاد) 18 افراد پر مشتمل ہے۔

﴿3﴾ ہر کام میں اِعتدال ہونا چاہیئے، ہمارے ہاں اس کا بہت فُقدان ہے، زیادہ گُڑ گُڑ کرنے سے گھروں کا ماحول خراب ہو جاتا ہے۔

﴿4﴾ میت کے 3 دن سوگ ہے، ان دنوں میں دعوت کا اہتمام کرنے کی شریعت میں اجازت نہیں۔

﴿5﴾ رسالہ ''کراماتِ شیرِ خدا'' پڑھیں گے تو غیر **اللہ** سے مدد مانگنے کے بارے میں وسوسے پیدا نہیں ہوں گے۔

﴿6﴾ اپنا مسلک چھوڑنا نہیں ہے، کسی سے بحث نہیں کرنی، رسالہ ''کراماتِ شیرِ خدا'' دے دیں، کسی سُنّی عالمِ دین سے رجوع کا کہہ دیں۔

﴿7﴾ ہمیں نیکی کی دعوت دیتے رہنا ہے۔

﴿8﴾ علمِ دین کا حصول نفلی روزوں سے افضل ہے۔

﴿9﴾ اگر نفلی روزے رکھنے سے تحصیلِ علم میں کمزوری ہو تو نہ رکھیں۔

﴿10﴾ مجھے روزوں اور رمضان سے بہت پیار ہے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں رمضان کی محبت عطا فرمائے۔ امین

﴿11﴾ 63 روزہ مدنی تربیتی کورس مجھے اس لیے پسند ہے کہ اس میں فرض علوم ہیں، یہ اہم ترین کورس ہے۔

www.dawateislami.net

﴿12﴾ یہ عہد کرلیں کہ مجھے 63 دن کا مدنی تربیتی کورس کرنا ہے، کورس کیے بغیر نہیں مرنا۔

﴿13﴾ دعوتِ اسلامی کے ہر ذِمہ دار بلکہ اراکینِ شوریٰ کو بھی یہ کورس کرنا چاہئے۔

﴿14﴾ خاموش طبیعت کی اپنی ہیبت ہوتی ہے، رسالہ ''**خاموش شہزادہ**'' کا مطالعہ فرمائیں۔

﴿15﴾ ہر دعوتِ اسلامی والا اور جو دعوتِ اسلامی میں نہیں بھی ہے وہ بھی 12 دن کا مدنی کورس کرلے۔

﴿16﴾ بول کر آپ بارہا پچھتائے ہوں گے۔

﴿17﴾ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں ہر عضو کا قفلِ مدینہ نصیب فرمائے۔

﴿18﴾ اگر چپ رہنا ہے تو مسکراہٹ بڑھانی پڑے گی۔

﴿19﴾ میرا کئی دن تک چپ رہنا ثابت ہے، ایک بار مدینۂ پُر انوار سے واپس آیا تو میں نے 15 دن تک السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مدینہ، **اِنْ شَآءَ اللہ** عَزَّوَجَلَّ، **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ وغیرہ کے علاوہ بات نہ کی تھی۔

﴿20﴾ میں نے موبائل سے دوستی نہیں کی۔

﴿21﴾ Sms بھی اینٹی قفلِ مدینہ ہے۔

﴿22﴾ خصوصی اسلامی بھائیوں کا اِشاروں کے ساتھ ساتھ بولنا غیر ضروری ہے۔

﴿23﴾ دعوتِ اسلامی والے امام احمد رضا خان عَلَیہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کو بہت مانتے ہیں۔

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 9 اگست 2014ء |

﴿1﴾ دعوتِ اسلامی والے سیّدوں کا احترام کرتے اور انھیں ''باپو'' کہتے ہیں۔

﴿2﴾ مجھے دولت مند بننے کی تمنا نہیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ مجھے اور میری اولاد کو بھی مالدار نہ بنائے بلکہ یا اللہ عزوجل جو میری اس دُعا کی تائید کرے اُس کے حق میں بھی یہ دُعا قبول فرما۔

﴿3﴾ میں تو سیّدوں کا غلام ہوں۔

﴿4﴾ دعوتِ اسلامی والے سادات کے غُلام ہیں۔

www.dawateislami.net

﴿5﴾ قطبِ مدینہ (خلیفہ اعلیٰ حضرت، شیخ الفضیلت حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی قادری رحمۃ اللہ علیہ) فرمائیں کہ اِلیاس قادری میرا غُلام ہے تو میری عید ہو جائے۔

﴿6﴾ صحابہ کرام، اہل بیت اطہار اور اولیائے کرام کی غُلامی دراصل آزادی ہے۔

﴿7﴾ جو سید مشہور ہے، اُس کو سیّد ہی سمجھا جائے۔

﴿8﴾ غیرِ عالم سید سے، غیرِ سید سنّی عالم افضل ہے۔

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 اگست 2014ء |

(بسلسلہ جشن آزادی 14 اگست 2014ء)

(1)...... ہماری تو یہی تمنا ہے کہ لوگ گناہوں سے بچیں اور نیکیاں کریں۔

(2)...... کاش! ہماری موت قابلِ رشک ہو، قابلِ عبرت نہ ہو۔

(3)...... پاکستان میں اسلام پر عمل اور نیکی کی دعوت کی ہر طرح سے اجازت ہے۔ میرے گمان میں اتنی آزادی دنیا میں کسی بھی ملک میں نہیں۔

(4)...... اسلام کے زرّین اُصولوں کے مطابق ملک کا نظام سنبھالا جائے تو یہ سیاست مذموم نہیں لیکن موجودہ سیاست کا انداز اسلامی نہیں۔

(5)...... جس دن خلافتِ راشدہ کا انداز آئے گا سب سے بڑا سیاستدان الیاس قادری ہوگا۔

(6)...... میرا اور میری شوریٰ کا موجودہ سیاست میں آنے کا ہرگز ذہن نہیں۔

(7)...... نہ کبھی اِلیکشن (Election) لڑا اور نہ آئندہ کوئی ارادہ ہے۔

(8)...... میں نے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کو آٹھ دس سال پہلے وصیت لکھ دی ہے کہ دعوتِ اسلامی کو توڑنا ہو تو سیاست میں آنے یا کسی سیاسی پارٹی کے ساتھ گٹھ جوڑ کا اعلان کر دینا۔ (یعنی دعوتِ اسلامی نہ موجودہ

www.dawateislami.net

سیاست میں آئے اور نہ ہی کسی سیاسی جماعت سے گٹھ جوڑ کرے)

(9)...... ہمارے ہاں نجی طور پر بھی سیاسی موضوعات پر گفتگو نہیں ہوتی۔(نگرانِ شوریٰ)

(10)...... ہم شیطان کے مخالف ہیں، ہزاروں نہیں لاکھوں مسلمان دعوتِ اسلامی میں شامل ہیں اور ہوتے جارہے ہیں۔

(11)...... ہم سمجھاتے ہیں کہ ایک مسلمان کو کیسا رہنا چاہیے؟ اگرچہ وہ کسی بھی ملک میں رہے۔

(12)...... دعوتِ اسلامی نہ ہوتی تو مدنی چینل گھر گھر نہ پہنچتا۔

(13)...... امیرِ اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ ہر اس قانون کی پابندی کا حکم فرماتے ہیں جو شریعت سے نہ ٹکراتا ہو، جب ہیلمٹ (Helmet) کا قانون بنایا گیا تو امیرِ اہلسنّت نے اسلامی بھائیوں کو اس کی پابندی کی تلقین کی اور فرمایا اس میں تو ہماری جان کا تحفظ ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(14)...... مسلمان حقیقت میں پُرامن ہوتا ہے حدیث میں ہے: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مومنوں کو مال اور جسمانی لحاظ سے کوئی خطرہ نہ ہو۔(كتاب الذهد للابن مبارك ج١ ص ٢٤٠، الحديث ٦٨٨)

(15)...... باعمل مسلمان غیر مسلموں پر ظلم نہیں کرتا، دھوکا نہیں دیتا۔

(16)...... مسلمان غیر مسلموں سے ایسا روّیہ نہ کریں، جس سے وہ مسلمانوں سے بدظن ہو کر اسلام قبول نہ کریں۔

(17)...... اسلام دہشت گردی کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔

(18)...... اسلام امن اور راحت کا پیغام دیتا ہے۔

(19)...... ہم موجودہ ہڑتالوں کی تائید نہیں کرتے۔

(20)...... مسلمان ''مسلمان'' بن کر رہیں۔

(21)...... ہمارا اسلام بڑا پیارا مذہب ہے۔

(22)...... دعوتِ اسلامی کا یہ بھی کارنامہ ہے کہ عام لوگوں کو نعلِ پاک کے فضائل سے آگاہ کیا۔

(23)......میں نعلین شریف کے فضائل سے دعوتِ اسلامی کے آغاز سے پہلے ہی واقف تھا۔

**آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ**

(24)......یا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ! جو روزانہ دو دَرس دیں یا سُنیں وہ مرنے سے پہلے مدینہ دیکھیں۔

(25)......نفلی رَوزوں کی مدنی تحریک میں شامل ہونے والے اسلامی بھائی ''مدنی تربیت گاہ'' پر اپنا نام لکھوادیں۔

(26)......درازیِ عُمر کے ساتھ عافیت کی دُعا مانگیں وَرنہ بارہا بُڑھاپا بستر پر ڈال دیتا ہے اور بندہ کسی کام کا نہیں رہتا۔

(27)......آج کا کام کل پر مت چھوڑو کل دوسرا کام ہوگا۔

(28)......جامعۃ المدینہ کے طَلَبہ دورۂ حدیث کے بعد نہیں بلکہ دورانِ تعلیم 12 ماہ مدنی قافلے میں سفر کریں۔

(29)......زُلفیں رکھ کر اِس سُنّتِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کو بھی زندہ کریں اور زُلفوں کے ساتھ عمامہ بھی سجایئے کہ سونے پر سُہاگہ ہوگا۔

(30)......جامعۃ المدینہ کے طَلباء بھی زُلفیں رکھیں آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی سُنّت کی برکت سے حافظہ مزید اچھا ہوگا۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16 اگست 2014ء |

﴿1﴾ شاید ہزار نمازیوں میں ایک نمازی، نماز کے آدابِ ظاہری کا خیال کرتا ہوگا۔ ذمہ داران کی کوتاہی بھی دیکھی گئی ہے۔

﴿2﴾ مفسداتِ نماز (نماز کوتوڑنے والی باتوں) کو سیکھنا فرض علوم میں سے ہے۔

﴿3﴾ نماز کے اٹھارہ، بیس ہزار مسائل ہیں۔

www.dawateislami.net

﴾4﴿ نماز کی بظاہر چھوٹی غلطیوں کی طرف بڑے بڑوں کی توجہ نہیں، اگر چہ ان میں بعض غلطیاں مکروہِ تحریمی ہیں۔ مکروہِ تحریمی قریب بہ حرام ہوتا ہے، حقیقت میں یہ غلطیاں چھوٹی نہیں۔

﴾5﴿ وہ خوش نصیب ہے، جس کو صحیح نماز ادا کرنا آتی ہے۔

﴾6﴿ ظاہری و باطنی آداب کے ساتھ نماز ادا کرنا بڑی بات ہے۔

﴾7﴿ زندگی میں ایک سجدہ بھی درست کرلیا تو بیڑا پار ہے۔

﴾8﴿ میرا جی چاہتا ہے کہ سب کو ایک قطار میں کھڑا کر کے نماز کا عملی طریقہ سکھاؤں۔

﴾9﴿ صف درست کرنا واجب ہے، ایڑیاں برابر ہوں اور کندھے سے کندھا ملا ہوا ہو۔ اگر دورانِ نماز آگے پیچھے ہوجائیں تو اپنے آپ کو درست (Set) کر کے صف سیدھی کرلیں۔

﴾10﴿ کوئی کام کرنا ہو تو سنجیدہ (Serious) لینا ہوگا، انسان سنجیدگی سے کوئی کام کرے تو منزل پالیتا ہے۔

﴾11﴿ کاش زبان پر حقیقی قفلِ مدینہ لگ جائے۔

﴾12﴿ ہر روز فکرِ مدینہ کر کے مدنی انعامات کے رسالے کے خانے پُر کریں اور ذمہ دار کو ہر مدنی ماہ کی پہلی تاریخ کو جمع کروادیں۔ 10 تاریخ کا انتظار نہ کریں۔

﴾13﴿ مستقل قفلِ مدینہ پر خصوصی توجہ دیں۔ مستقل قفلِ مدینہ والوں میں اپنا نام لکھوادیں۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس سے استقامت ملے گی۔

﴾14﴿ ہم نے گناہوں بھری گفتگو سے بچانے کے لیے قفلِ مدینہ کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

﴾15﴿ مستقل قفلِ مدینہ لگانے سے سکونِ قلب نصیب ہوگا۔

﴾16﴿ 12 روزہ مدنی کورس کرنے سے کافی تقویٰ پیدا ہوتا ہے۔

﴾17﴿ ۱۲ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ/ 8 ستمبر 2014ء کو صحرائے مدینہ باب المدینہ کراچی میں 12 روزہ مدنی کورس ہوگا۔ (فضیل رضا عطاری، رکنِ شوریٰ)

www.dawateislami.net

﴿18﴾ اگر تاریخِ پاکستان کے ساتھ انصاف کیا جائے تو یہ بات واضح ہے کہ پاکستان علمائے اہلِ سُنّت نے بنایا ہے۔

﴿19﴾ علمائے اہلِ سنت کا فیضان: پاکستان، پاکستان۔(نعرہ)

﴿20﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ پاکستان ہمارا ہے۔

﴿21﴾ ہم مسواک نہیں کرتے، رسمِ مسواک ادا کرتے ہیں۔

﴿22﴾ میرے ولیمے میں دریاں بچھا کر تھالوں میں کھانا دیا گیا تھا۔کھانے میں تین چیزیں تھیں: پلاؤ(ہلدی والا/ اَکنی)، لڈّو اور گھانٹھیا(نمکو کا آئیٹم ہے)۔

﴿23﴾ اتوار کو ظہر کے بعد دعوتِ ولیمہ کیا جائے یا جہاں جُمُعَہ کو چھٹی ہوتی ہے وہاں جُمُعَہ کے بعد۔عصر سے پہلے پہلے اختتام ہو جائے۔رات دیر تک کی دعوت میں فجر کا مسئلہ ہوسکتا ہے۔

﴿24﴾ سکون، سنّتوں پر عمل کرنے اور سادگی میں ہے۔

﴿25﴾ سبز عمامہ، دعوتِ اسلامی والوں کی پہچان ہے۔

﴿26﴾ جو اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھے تو ''لَا'' سے ''اِلٰہ'' تک انگلی اٹھائے اور ''اِلّا'' پر گرا دے۔جو یہ کلمہ زبان سے پڑھے، اسے اشارہ کرنا چاہئے، سننے والے کو اشارے کی حاجت نہیں۔ (ملخص وقار الفتاویٰ ج ۱ ص ۳۴)

﴿27﴾ کتاب ''نماز کے احکام'' ہر گھر کی ضرورت ہے۔

﴿28﴾ میں نوٹ دل کی جانب والے جیب میں نہیں رکھتا۔

﴿29﴾ دو جیبوں کے بھی فوائد ہیں۔

﴿30﴾ میری نصیحت اور وصیت ہے، جلاؤ گھراؤ، ہنگاموں میں نہ جانا کہ اس میں دنیا و آخرت کی بربادی ہے۔

﴿31﴾ ''عاشقانِ رسول کی 130 حکایات'' بہت دلچسپ اور ایمان افروز کتاب ہے۔

﴿32﴾ اردو سب کو سیکھنی چاہیے، ہماری بہت سی اسلامی کتب اس زبان میں ہیں۔

﴿33﴾ کدّو شریف کھانا سنت سے ثابت ہے۔

﴿34﴾ باپ کو اس کا نام لے کر پکارنا مکروہ ہے کہ یہ بے ادبی ہے۔ عورت کو اپنے شوہر کا نام لے کر پکارنا بھی مکروہ ہے مگر نام لے کر پکارا تو نکاح پر اثر نہیں پڑے گا۔

﴿35﴾ اپنا مطالعہ وسیع کریں، بار بار پڑھیں، اہم مدنی پھول لکھیں، فہرست بنائیں، سمجھ میں نہ آئے تو علمائے اہلسنّت سے پوچھیں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿36﴾ مرید کو اپنے پیر پر حُسنِ ظن ہی رکھنا چاہئے کہ وہ راضی ہوں گے خواہ مخواہ یہ ذِہن نہ بنائے کہ ناراض ہوں گے اَلبتہ پیر کی پسند کے کام کرے گا تو یہ پیر کو خوش کرنے کے اسباب ہیں۔

﴿37﴾ جتنا مدنی کام بڑھے گا باطل قوتیں اُتنی ہی دَبتی چلی جائیں گی۔

﴿38﴾ مدنی قافلے میں سفر کرنا اور دیگر دعوتِ اسلامی کے کورسز اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ کرنا کارِ ثواب ہے۔

﴿39﴾ دیگر مدنی کاموں کے ساتھ ساتھ نجی مُطالعہ بھی جاری رکھیں۔

﴿40﴾ درسِ فیضانِ سنّت کو فقط ایک معمول کے طور پر نہ کیا جائے بلکہ درس کے بعد نمازیوں سے ملاقات اور ان پر انفرادی کوشش کی ترکیب بھی بنائی جائے۔

﴿41﴾ چوک درس دیں کہ اِس کی برکت سے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو لوگ جو مسجد نہیں آتے وہ بھی نماز پڑھنے آئیں گے۔

﴿42﴾ 12 ماہ مدنی قافلے میں سفر کئے ہوئے جامعۃ المدینہ کے طلبہ اور دیگر طلبہ میں فرق ہونا چاہئے۔ 12 ماہ سفر کئے ہوئے طالبِ علم کا اوڑھنا بچھونا مدنی انعامات کے مطابق ہو اور وہ اپنے کردار کے ذریعے دیگر طَلبہ کو 12 ماہ کے فوائد بتائیں۔ اِن کو پڑھائی میں بھی کمزور نہیں ہونا چاہئے تاکہ کوئی یہ نہ کہے 12 ماہ سفر کی وجہ سے

www.dawateislami.net

کمزوری آئی ہے بلکہ خوب سنبھل سنبھل کر، اپنا کردار بہتر بنا کر طلبہ کو 12 ماہ کیلئے تیار کریں۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 23 اگست 2014ء |

﴿1﴾ **خاموشی** بغیر سلطنت کے ہیبت ہے ﴿2﴾ خاموش رہنے والے کا **رُعب** ہوتا ہے ﴿3﴾ قُوتِ حافظہ کی دُعا: یَـاعَـالِم یَـاعَـلِیْـم، یَاحَافِظ، یَاحَفِیْظ، یَا نَاصِر، یا نَصِیْر **ہر نماز کے بعد 7 یا 11 بار** پڑھ کر سینے پر دم کرے، گریبان کھولنے کی ضرورت نہیں ﴿4﴾ نفلی **روزوں کی مدنی تحریک** میں شامل ہوجائیے۔ اس تحریک میں شامل ہونے والے اس نمبر پر بذریعہ فون 0213-25921226 یا اس ای میل ایڈریس کے ذریعے roza@madaniinamat.net رابطہ کریں۔

www.dawateislami.net